© rasailojaraid.com

خواب و رویائے صادقہ اور فراست و درایت سے آنحضرت کی بعثت کو پہچانے ہوئے تھے۔
اس اجمالی علم کو جو اُن کے قلوب میں مرتکز تھا، اللہ تعالیٰ نے بینہ و دلیل سے تعبیر فرمایا ہے
پھر جب آپؐ مبعوث ہوئے اور ان افراد نے اس دلیل و بینہ اور اپنے اس اجمالی علم کی جو
انہیں قبل ازیں بتزکیۂ قلب حاصل تھا، آپ سے شہادت پائی اور قرآن مجید نازل ہوا، تو یہ
ایمان لے آئے اور ان کا یہ اجمالی علم، علم تفصیلی سے اور ظن و قیاس، یقین و مشاہدہ میں تبدیل
ہو گیا..... صحابہ کرام میں سے ایک اعلیٰ جماعت ان اوصاف سے جو اوپر مذکور ہوئے
متصف تھی۔ اور ان میں سر فہرست حضرت صدیقؓ تھے۔ اس مناسبت باطنی اور تزکیۂ
قلب کی وجہ سے آپ کو اسلام قبول کرنے میں تامل نہیں ہوا۔ اور آپ بلا تامل اور معجزہ طلب
کئے بغیر ایمان لے آئے۔ چنانچہ اس آیت میں حضرت صدیق ہی کی طرف اشارہ ہے۔

---

مستحب کی دو قسمیں ہیں۔ وہ مستحب جن کا ثبوت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل سے
ثابت ہے۔ اسے کوئی بدعت نہیں کہہ سکتا اور جو کہے وہ غلطی کرتا ہے۔ باقی رہا وہ مستحب جس کا ثبوت صرف اگلے
بزرگوں کے قول و فعل سے ہوتا ہے، اسے کوئی بدعت کہے اور اس پر عمل نہ کرے تو اس کی مختلف حالتیں
ہیں۔ عمل نہ کرنے کی ایک وجہ یہ بھی ہوتی ہے کہ اس کا خیال ہے کہ اس فعل کو اگر سب کرنے لگیں گے اور
ہمیشہ کرتے رہیں گے، تو عوام اسے ضروری مثل فرض و واجب اعتقاد کرنے لگیں گے اور عوام کو اس غلط اعتقاد
سے بچانا ضروری ہے۔ یا کوئی بڑے پائے کا بزرگ ہے۔ وہ جانتا ہے کہ اگلے بزرگوں نے یہ فعل جس مصلحت
سے کیا ہے، وہ مصلحت اس وقت نہیں ہے۔ اور جب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے یا خلفائے راشدین نے اسے کیا نہیں، اس لئے نہیں کرتا۔ ایسا شخص مذمت کے لائق نہیں
ہو سکتا، بلکہ تعریف کے لائق ہے۔ مسلمانوں کے اور خصوصاً اہل علم کا ایسے فعل کو بدعت کہہ کر اس
قدر شور کرنا کہ باہم فتنہ فساد قائم ہو جائے نہایت بُرا ہے۔

(از ارشاد مولانا سید محمد علی مونگیری)



© rasailojaraid.com